سوال

(344) بغیر طلاق کے نکاح کر دینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہندہ کا نکاح اس کے والد نے کرایا تھا۔ نکاح کے ایک سال بعد لڑکی کے باپ نے بغیر طلاق حاصل کئے کسی اور جگہ بٹھلا دیا۔ وہاں بغیر نکاح کے رہائش اختیار کر رکھی ہے شریعت ان کے میل ملاپ برادری اور اہل محلہ ک متعلق کیا حکم فرماتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

افسوس ہے کہ زمانہ کیسا جہالت کا ہے کہ لوگ ایسی کھلی باتوں کے متعلق بھی سوال کرتے ہیں نکاح ہوتے ہوئے دوسری جگہ بٹھانا گویا بازار میں پیشہ کرانے کے برابر ہے برادری کو چاہیئے کہ ایسے بدکاروں کو خوب سزا دے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2 ص330

محدث فتویٰ